قرآنِ مجید

ترجمہ: کنزالایمان

تفسیر: نورالعرفان

ا۔ صرف ایک بار نہیں بلکہ بار بار جادو کیا گیا جس سے آپ کے ہوش و حواس بجانہ رہے۔ اسی لئے انہوں نے مسحور نہ کہا۔ بلکہ مسحر کہا۔ خیال رہے کہ نبی کے عقل و حواس پر جادو اثر نہیں کر سکتا۔ انہیں جادو سے دیوانگی نہیں آسکتی ۲۔ معلوم ہوا کہ نبی کو اپنے جیسا بشر مساوات کے لئے کہنا کفر ہے کہ رب نے اس قوم کے کفریات میں اس کو بھی بیان فرمایا۔ خیال رہے کہ نبی کو بشر یا رب نے فرمایا یا خود پیغمبر نے یا کفار نے۔ اب جو انہیں بشر کہے' وہ رب تو ہے نہیں' نہ رسول' لہٰذا کافر ہی ہو گا ۳۔ یعنی ایسا معجزہ دکھاؤ جس سے آپ کی سچائی ظاہر ہو ۴۔ یہ اونٹنی صالح علیہ السلام کی دعا سے بطور معجزہ ایک پتھر سے پیدا ہوئی۔ اس کا سینہ ساٹھ گز تھا۔ کنوئیں کے

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ

ہوا ہے ۱ تم تو ہیں جیسے آدمی ہو ۲ تو کوئی نشانی لاؤ

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا

اگر سچے ہو ۳ فرمایا یہ ناقہ ہے ایک دن

شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

اس کے پینے کی باری اور ایک معین دن تمہاری باری ۵ اور اسے برائی کے ساتھ نہ چھوؤ

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا

کہ تمہیں بڑے دن کا عذاب آلے گا ۶ اس پر انہوں نے اسکی کونچیں کاٹ دیں

نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ

پھر صبح کو پچھتاتے رہ گئے تو انہیں عذاب نے آلیا ۷ بے شک اس میں ضرور نشانی

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

ہے اور ان میں بہت مسلمان نہ تھے ۸ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا

الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ ښ اِذْ قَالَ

مہربان ہے لوط کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ۹ جب کہ ان سے

لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ ۚ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ ۙ

ان کے ہم قوم لوط نے فرمایا ۱۰ کیا تم ڈرتے نہیں ۱۱ بے شک میں تمہارے لئے اللہ کا

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ ۚ وَمَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ

امانتدار رسول ہوں ۱۲ تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو اور میں اس پر تم سے کچھ اجرت

اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ ۭ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

نہیں مانگتا ۱۳ میرا اجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے کیا مخلوق میں مردوں سے

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ ۙ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

بدفعلی کرتے ہو ۱۴ اور چھوڑتے ہو وہ جو تمہارے لئے تمہارے رب نے جوروئیں

ع ۹ ۱۹ ۱۲

پانی کی باری مقرر کر دی گئی تھی کہ ایک دن یہ لوگ پانی پئیں' دوسرے دن اونٹنی پئے۔ اونٹنی اپنی باری کا سارا پانی پی جاتی تھی۔ ۵۔ معلوم ہوا کہ جس جانور کو اللہ تعالیٰ سے نسبت ہو جاوے وہ قابل احترام ہو جاتا ہے۔ دیکھو آج بھی ہدی اور قربانی کا احترام ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ جس جانور کا گوشت نقصان دے اس سے بچنا چاہیے' کیونکہ مضر چیز سے بچنا لازم ہے ۶۔ خیال رہے کہ اس دین میں اونٹ حلال تھا' اس کا ذبح جائز تھا۔ مگر خاص اس اونٹنی کا ذبح بھی حرام قرار دے دیا گیا اور گوشت بھی اس لئے کہ یہ نقصان کا باعث تھا۔ آج بھی بعض بزرگوں کے جنگل کا شکار تجربہ سے نقصان دہ ثابت ہوا ہے تو لوگ اس سے بچتے ہیں اس کی اصل یہی ہے ۷۔ یعنی صالح علیہ السلام کی انتہائی تبلیغ کے باوجود بہت تھوڑے ایمان لائے' تو اے محبوب اگر آپ پر سارے عرب ایمان نہ لائیں تو آپ غم نہ فرمائیں' اس کی وجہ یہ نہیں کہ آپ کی تبلیغ میں کوتاہی ہے بلکہ یہ خود بدنصیب ہیں ۸۔ یہاں قوم سے مراد نسبی قوم نہیں بلکہ لوط علیہ السلام کی امت دعوت مراد ہے جن کی طرف آپ کو بھیجا گیا کیونکہ لوط علیہ السلام کا وطن اور نسب دوسرا تھا اس قوم سے مراد سدوم اور اس کے آس پاس کی بستیاں ہیں ۹۔ یہاں اخوت سے مراد شفقت و مہربانی ہے' ورنہ حضرت لوط' ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ یعنی ہاران کے بیٹے۔ آپ بھی ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کر کے ملک شام میں تشریف لائے اور ابراہیم علیہ السلام کی دعا سے نبوت سے سرفراز ہوئے۔ ۱۰۔ اللہ سے اور اس کے عذاب سے یا کیوں نہیں بچتے کفر و بے ایمانی اور میری مخالفت سے کیونکہ تقویٰ کے معنی ڈرنا بھی ہے اور بچنا بھی۔ رب فرماتا ہے۔ فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۱۱۔ معلوم ہوا کہ آپ کی نبوت و رسالت صرف سدوم والوں کے لئے تھی اسی لئے لکم فرمایا گیا۔ ہمارے حضور کی نبوت سارے جہان کے لئے ہے۔ جس کا خدا' رب اس کے حضور رسول ہیں ۱۲۔ میرا اجر صرف یہ ہے کہ تم ایمان لے آؤ جس سے مجھے آخرت میں ثواب ملے۔ ۱۳۔ اس سے معلوم ہوا کہ اغلام قوم لوط کی ایجاد ہے اس سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا۔ اسی لئے اس کام کو لواطت بھی کہا' جاتا ہے' یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ خبیث کام کوئی جانور بھی نہیں کرتا جیسا کہ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ سے معلوم ہوا۔ لوطی آدمی جانوروں سے بھی بدتر ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ اس قسم کے احکام کے کفار بھی مکلف ہیں۔ کیونکہ یہ معاملات ہیں' کفار صرف عبادات سے مستثنیٰ ہیں' اور بعض معاملات سے۔